بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ اسلام آباد

درخواست اعتراضات حلقہ بندی PP-187 بصیر پور تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑہ سے حلقہ PP-185 حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑہ

جناب عالیٰ! سائل حسب ذیل عرض کرتا ہے۔

1۔ یہ کہ سائل مسمی شیخ محمد اکرم ولد محمد اسلم ذات ڈھلیانہ ساکن کھرل کلاں تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑہ کا رہائشی ہوں۔ انتخابی حلقہ موضع کھرل کلاں قانونگوئی ڈھلیانہ تحصیل دیپال پور ضلع اوکاڑہ ووٹر لسٹ کے سلسلہ نمبر 163 گھرانہ نمبر 57 میں سائل کا اندارج موجود ہے اور حلقہ PP-187 میں حالیہ حلقہ بندی میں شامل کر دیا گیا ہے۔

2۔ یہ کہ حلقہ بندی PP ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے مطابق نقشہ ترتیب ہی غلط تشکیل دی گئی ہے حلقہ نمبر PP-184 اور اس کے ساتھ نیچے 183 اور اس کے نیچے حلقہ 185 اسی طرح حلقہ بندی تشکیل دی گئی ہے جو کہ غلط اور بلاترتیب ہے جبکہ ترتیب درست طور پر CLOCK WISE ہونی چاہئے مگر نقشہ PP ڈسٹرکٹ اوکاڑہ بلاترتیب ہے بدیں وجہ حلقہ بندی کا تعین درست نہ کیا گیا ہے نقشہ لف ہذا ہے۔

3۔ یہ کہ سائل کا موضع قانونگوئی ڈھلیانہ میں شمار ہوتا ہے جبکہ سائل کے موضع کو انتخابی حلقہ نمبر PP-187 بصیر پور میں شامل کیا گیا ہے۔

4۔ یہ کہ حلقہ نمبر 187 کو تشکیل دیتے وقت مجاز اتھارٹی نے حلقہ بندیوں کے بنیادی اصولوں کو مدنظر نہ رکھا ہے جو کہ ترتیب حلقہ بندیوں کے بالکل منافی ہے جو کہ درج ذیل وجوہات کی بنا پر لائق ترمیم ہے۔

(i) یہ کہ سائل کا موضع قانونگوئی ڈھلیانہ میں ہے جو کہ قانونگوئی حجرہ (ا) سے ملحقہ ہے اور قانونگوئی حجرہ (ا)

(ii) یہ کہ سائل کا موضع اور انتخابی حلقہ نمبر 187 کے موضع کے درمیان طویل فاصلہ موجود ہے جو کہ سائل
اور دیگر لوگوں کے لیے بیشمار مسائل بھی پیدا ہونگے۔

(iii) یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کرتے وقت Natural Alliance کا قطعی طور پر لحاظ نہ رکھا گیا ہے
جو کہ نقشہ لف پٹیشن ہذا سے واضح ہے۔

(iv) یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کو مرتب کرتے وقت انتخابی حلقہ کی ترتیب کو مدنظر نہ رکھا گیا ہے سائل کے موضع قانونگوئی ڈھلیانہ کو بصیر پور میں شامل کر دیا ہے جبکہ سائل کے موضع کو حلقہ PP-185 حجرہ شاہ مقیم قانونگوئی حجرہ (I) میں شامل کر کے حلقہ بندی کو ترتیب دیا جانا قرین انصاف ہے۔

5۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کو درست کر کے سائل کے موضع کو موجودہ انتخابی حلقہ نمبر PP-187 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-185 میں شامل کرنے سے حلقہ بندی کی ترتیب درست ہوگی اور الیکشن پرامن طور پر ہونے میں بھی آسانی ہوگی۔

6۔ یہ کہ ترتیب حلقہ بندی انتخابی حلقہ نمبر PP-185 درج ذیل ہیں۔

مجوزہ حلقہ نمبر 185

حلقہ نمبر 5

حجرہ MC		76462
حجرہ (I)QH		51689
حجرہ (II)QH		56271
شیر گڑھ QH		97942
ڈھلیانہ QH		79760

دیپالپور QH-II کے مندرجہ ذیل پٹوار سرکل

(A)	لالیوالہ	7818
(B)	کندووال سرائے	6866

مجوزہ حلقہ نمبر 187

حلقہ نمبر 6

منڈی احمد آباد MC	39447
منڈی احمد آباد QH	54467
بصیر پور MC	48326
بصیر پور QH	88695
جمال کوٹ QH	48560
کوئیکی بہاول QH	91972
کل ووٹ:	371467

7۔ یہ کہ اگر حلقہ بندی موضع سائل درست کر کے سائل کے موضع کو انتخابی حلقہ نمبر PP-187 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-185 میں شامل نہ کیا گیا تو سائل و اہل دیہہ کو شدید دشواری کا سامنا ہو گا۔ اور الیکشن بھی پر امن طور پر نہ ہو سکے گا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ درخواست ہذا منظور فرماتے ہوئے موضع کھرل کلاں جو کہ قانونگوئی ڈھلیانہ میں ہے کو انتخابی حلقہ نمبر PP-187 سے نکال کر انتخابی حلقہ نمبر PP-185 میں شامل کیا جائے۔

نوازش ہو گی۔

عرضے

شیخ محمد اکرم ولد محمد اسلم ذات ڈھلیانہ ساکن کھرل کلاں تحصیل دیپال پور

ضلع اوکاڑہ